**MILITARY LANDS & CANTONMENTS DEPTT**

**CANTONMENT BOARD MURREE HILLS**

**Tel: 051-9269212 Email: cbmurreehills@gmail.com**

**Pindi Point Murree**


**No.** D-15/1875 **Dated** 05 **Dec, 2025**

To

The Director (Advertisement),
Press Information Department,
B.F Building Zero Point, Islamabad.

Subject: **MURREE HILLS CANTONMENT PUBLIC NOTICE**

The attached advertisement is forwarded herewith for publication under classified column of advertisement of newspaper according to the requirement specified below.

| | | |
|---|---|---|
| i. | Date of Publication | on or before 08-12-2025 |
| ii. | Number of insertion | One (01) |
| iii. | Newspaper (National Dailies) | 02 (Urdu) 01 (English) |
| iv. | Region | Rawalpindi |
| v. | Language | Urdu & English |

2. Please forward bill alongwith tear sheet of newspaper to this office for payment.

**Encl:** As above

**Cantonment Executive Officer**
**Murree-Hills**

**Copy to: -**

Dy. Director I & III Pub Regulatory Authority,
1st Floor, FBC Building Near State Bank, Sector G-5/2,
Islamabad (for publishing on website of PPRA)

CamScanner

# کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز

## کوٹیشن درکار ہیں

کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز ٹرانسفرسٹیشن نزد لارنس کالج روڈ یا کسی بھی اور مخصوص جگہ سے کوڑا کرکٹ بذریعہ ڈمپر زاُٹھا کر مری سے باہر ڈمپنگ گراؤنڈ پر منتقل کرنے کے لئے روزانہ کی بنیاد پر ٹھیکہ کرنا چاہتا ہے۔ جس کیلئے افراد / کمپنی جو اس کام میں کم از کم پانچ سال کا تجربہ رکھتی ہوں اپنی پیش کش مورخہ 22 دسمبر 2025 کو بوقت دن 11:00 بجے تک دفتر کینٹ بورڈ مری ہلز میں جمع کروائیں جو کہ تمام پیشکش دہندہ خود دینے کا پابند ہوگا ۔باقی تفصیلات دفتر اوقات میں کسی بھی وقت متعلقہ برانچ سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

## شرائط نیلام:۔

۱۔ٹھیکے کی میعاد عرصہ (03) سال تک ہوگی۔ اور ماہانہ بنیاد پر ادائیگی کی جائے گی۔

۲۔کامیاب بولی دہندہ ٹرانسفرسٹیشن کو روزانہ کی بنیاد پر مقرر کردہ وقت تک مکمل طور پر خالی کرنے کا پابند ہوگا جو کہ روزانہ کی بنیاد پر کینٹ بورڈ کا نمائندہ چیک کرے گا۔اور کی تصویر لیکر دفتر ہذا میں جمع کرائے گا۔بصورت دیگر ٹرانسفرسٹیشن مکمل طور پر خالی نہ ہونے کی صورت میں جرمانہ یومیہ کم از کم 25,000/- (پچیس ہزار) روپے عائد کیا جائے گا۔جس کی وصولی ماہانہ ادائیگی سے کاٹ لی جائے گی۔

۳۔تمام بولی دہندہ جو مجوزہ ٹھیکہ لینے کے خواہش مند ہوں بولی دینے سے پہلے ٹرانسفرسٹیشن کا جائزہ لیکر چیک کرلیں کہ روزانہ کی بنیاد پر کتنے ٹن کچرا انہیں ٹرانسفرسٹیشن سے اٹھانا ہوگا۔ جو کم و بیش 4 ٹن ہو سکتا ہے۔

۴۔Single stage two envelope procedures as per PPRA Rule 36(b) 2004 اختیار کیا جائے گا۔

۵۔تمام بولی دہندگان اپنی پیشکش دو سیل بمہر لفافوں میں ٹیکنیکل اور فنانشل علیحدہ علیحدہ دیں گے۔جس میں سے ایک مشینری جو استعمال ہونے والی ہے اور کمپنی کی تمام تفاصیل جو کہ as per bidding document کو الیفائی کرسکیں اس کی تفصیل اور دوسری ماہانہ پیشکش دیں گے۔ٹیکنیکل کوالیفائیڈ ہونے والے فرد / کمپنی کی ہی فنانشل Bid کھولی جائے گی۔

۶۔ٹینڈر فارم 5000 (پانچ ہزار) روپے کی ادائیگی پر اخبار کے اشتہار میں شائع ہونے اور PPRA کی ویب سائٹ پر آنے کے بعد دفتر ہذا سے دفتری اوقات کے دوران وصول کئے جا سکتا ہے۔

۷۔ٹیکنیکل بولی کیساتھ اسٹینڈنگ سیکیورٹی مبلغ -/10,00,000 (دس لاکھ) روپے کا بنک ڈرافٹ بحق ایگزیکٹو آفیسر کینٹ بورڈ مری ہلز بطور زرضمانت پیش کرنا ہوگا۔ جو کہ کامیاب کوٹیشن دہندہ کے علاوہ واپس کردی جائے گی چیک یا کیش قابل قبول ہوگا۔

۸۔ٹینڈر مورخہ 22 دسمبر 2025 کو دن 11:00 بجے تک ٹینڈر باکس میں ڈالے جائیں گے۔ جو اسی دن 11:30 بجے حاضر ٹھیکیداران یا ان کے مجاز نمائندوں کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

۹۔گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے مطابق انکم ٹیکس ٹھیکیدار ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

۱۰۔سکیورٹی کی رقم کے بغیر ٹینڈر / بولی کے دستاویزات قبول نہیں کئے جائیں گے۔

۱۱۔PPRA قوائد کے مطابق ٹینڈر کی میعاد 180 دن تک ہوگی۔

CamScanner

۱۲۔کنٹونمنٹ بورڈ متعلقہ بولی دہندہ سے درج شدہ نرخوں کے تجربہ کے مطالبے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔تا کہ کام کی اہلیت کو چیک کیا جا سکے۔

۱۳۔گاڑیوں کے ڈیزل/پٹرول اور ریپیرنگ کی ذمہ داری ٹھیکیدار کے ذمہ ہوگی۔

۱۴۔ٹھیکہ کا باقائدہ تحریری معاہدہ اسٹام پیپر پر ہوگا۔

۱۵۔نامکمل ٹینڈر مس میں ضروری تفصیلات نہ دی گئی ہوں وہ قبول نہیں کیا جائے گا۔

۱۶۔کنٹونمنٹ بورڈ ایگزیکٹیو آفیسر کو PPRA کے قوائد 2004 کے مطابق کسی بھی ٹینڈر کو وجہ بتائے مسترد کرنے کا حق حاصل ہے۔

۱۷۔مذکورہ اشتہار PPRA اور کینٹ بورڈ مری ہلز کی ویب سائٹ پر ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

مشتہر

کینٹ ایگزیکٹیو آفیسر

مری ہلز

CS CamScanner